# مطبوعات

**کتاب الرّسالہ** | تالیف: امام ابن ادریس شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ۔ ترجمہ: مفتی محمد امجد علی صاحب۔ شائع کردہ: محمد سعید اینڈ سنز تاجران کتب قرآن محل، مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی۔ صفحات: ۴۸۰۔ قیمت دس روپے پچاس پیسے۔

زیرِ نظر کتاب امام شافعی رحمۃ اللہ کی مشہور تصنیف الرسالہ فی اصول الفقہ والحدیث کا ترجمہ ہے۔ یہ بیش قیمت تصنیف اصول فقہ و اصول حدیث پر سب سے پہلی کتاب شمار ہوتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے یہ حقیقت پوری طرح منکشف ہو جاتی ہے کہ ہماری امت کے بڑے سے بڑے مجتہد سنت کو قرآن مجید کے بعد اسلامی قانون کا سب سے بڑا ماخذ قرار دیتے تھے کیونکہ حضور سرور کائنات کے اقوال و اعمال کا سرچشمہ بھی وحی الٰہی ہی ہے۔ امام موصوف کے نزدیک اگر صحتِ روایت سے انکار ممکن نہ ہو تو متنِ حدیث کو معروضی تنقید کے ذریعے رد نہیں کیا جا سکتا۔ یہ کتاب درحقیقت رسوخ فی العلم کا ایک نادر نمونہ ہے۔ ترجمہ سلیس اور رواں ہے اور فاضل مترجم کی استعداد کا آئینہ دار۔

---

**اسلام کا نظریہ ملکیت حصہ اوّل** | تالیف ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی۔ شائع کردہ: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، شاہ عالمی مارکیٹ لاہور۔ صفحات: ۳۰۴۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن مع پلاسٹک کور: ۸ روپے ۵۰، سستا ایڈیشن: ۴ روپے ۵۰

اس کتاب کے مصنّف پاک و ہند کے علمی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ مغربی اور اسلامی علوم دونوں میں وہ گہری بصیرت رکھتے ہیں۔ اس تصنیف میں انہوں نے اسلام کے نظریہ ملکیت پر بحث کی ہے۔ اُن کا یہ خیال بالکل درست ہے کہ اسلام میں ملکیتِ مطلق کا تصوّر نہیں بلکہ امانت کا تصوّر ہے یعنی ہمیں جس شے پر تصرّف حاصل ہے اُسے ہم مطلق العنان ہو کر استعمال نہیں کر سکتے بلکہ امین کے طور پر اُس کے اصل حاکم یعنی باری تعالیٰ کے حکم کے مطابق فائدہ اٹھانے کے مجاز ہیں۔ اسی حقیقت کو فاضل مصنّف نے سارے مباحث کی بنیاد بنایا ہے۔ پوری کتاب بڑی وقیع اور فاضلانہ ہے۔ اور

مصنف کے وسیع مطالعہ کی شہادت دیتی ہے۔ البتہ اس ضمن میں دو باتیں ہمارے نزدیک قابل غور ہیں۔ سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہیئے کہ اسلام دولت کو (جس کا انفرادی ملکیت ایک مظہر ہے) کیا مقام دیتا ہے۔ دوسرے تبصرہ نگار کے نزدیک تسخیر کائنات کا وہ مفہوم بھی محل نظر ہے جو فاضل مصنف نے بیان کیا ہے۔ قرآن نے ہمیں اس سلسلے میں جو کچھ بتایا ہے وہ یہ ہے کہ زمین و آسمان میں جو کچھ موجود ہے اُسے ہمارے لیے مسخر کر دیا گیا ہے۔ ہمیں اب صرف اُس سے استفادہ کرنا ہے۔ تسخیر کائنات کا مروجہ تصور دراصل مغرب سے آیا ہے۔ جس کے مطابق انسان اور کائنات کی دوسری قوتوں کے درمیان ایک کشمکش برپا ہے فطرت انسان کو سرنگوں کرنے کی فکر مند رہتی ہے اور انسان فطرت پر بالادستی قائم کرنے کے لیے جدوجہد کرتا ہے۔ مغربی تصور کی رو سے انسان کا کائنات کے بارے میں اور کائنات کا انسان کے بارے میں رویہ معاندانہ ہے۔ اور اس بنا پر انسان قوت کے زور سے اس بپھری ہوئی قوت کو زیر کرنے کے درپے رہتا ہے۔ قرآن مجید کے مطالعہ سے اس تصور کی تائید نہیں ہوتی بلکہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سارے ذرائع و وسائل کو ہدیہ کے طور پر انسان کے سامنے پیش کر دیا ہے اور اس سے یہ کہا ہے کہ اب تم اس سے میری منشا کے مطابق فائدہ اٹھاؤ۔ تبصرہ نگار کو امید ہے کہ کتاب کے فاضل مصنف دوسرے حصے کی ترتیب و تدوین میں ان گذارشات پر غور فرمائیں گے اور اس طرز فکر کے طبعی نتائج کو ملحوظ خاطر رکھ کر بحث کو آگے بڑھائیں گے۔

---

**اسلام کا معاشرتی نظام** | تالیف: جناب خالد علوی صاحب استاد شعبہ علوم اسلامی، جامعہ پنجاب لاہور۔ شائع کردہ: المکتبۃ العلمیہ ۱۵۔ لیک روڈ۔ لاہور۔ قیمت: نو روپے۔ صفحات: ۳۸۴۔

زیر تبصرہ کتاب اگرچہ بنیادی طور پر ایک نصابی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے مرتب کی گئی ہے لیکن درحقیقت اس کی اشاعت سے اسلامی نظام حیات کے ایک نہایت ہی اہم گوشے کی نقاب کشائی ہو گئی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس موضوع پر ہمارے ہاں بڑی وقیع کتب ملتی ہیں۔ خصوصاً فقہ اسلامی میں معاشرتی امور پر بڑی مستند اور سیر حاصل بحثیں موجود ہیں لیکن اس کے باوجود اس بات کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ اسلام کے معاشرتی نظام کو نئے حالات کو سامنے رکھ کر نئے اسلوب نگارش میں پیش کیا جائے۔ پروفیسر خالد علوی صاحب نے بڑی عمدگی سے اس فرض کو سرانجام دیا ہے۔ کتاب ٹائپ میں نہایت اچھے طباعتی معیار پر شائع ہوئی ہے۔ ٹائپ کی اغلاط البتہ زیادہ ہیں اور انہیں درست کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

**اسلام اور اہل کتاب**
ISLAM VERSUS AHL KITAB

تالیف: محترمہ مریم جمیلہ صاحبہ - شائع کردہ: جناب محمد یوسف خاں، سنت نگر، لاہور - قیمت ۱۲ روپے - صفحات ۳۲۰ -

اس کتاب میں اُن سازشوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے جو کہ صہیونیت اور عیسائیت کے علمبردار اسلام کے خلاف کر رہے ہیں اور دنیائے اسلام کو ان کے خطرات سے آگاہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فاضل مصنفہ نے جو بات کہی ہے اس کے لیے ٹھوس دلائل پیش کیے ہیں اور صہیونی اور عیسائی مصنفین کی تحریروں سے یہ ثابت کیا ہے کہ اُن کے سامنے مذہب سے وابستگی کا بجز اس کے اور کوئی مقصد نہیں کہ کسی طرح اسلام اور مسلمانوں کو برباد کیا جائے۔

کتاب کا پہلا باب جس میں محترمہ مریم جمیلہ نے اپنے مسلمان ہونے کی داستان قلمبند کی ہے، ان کے خلوص اور اسلام سے گہری عقیدت کا آئینہ دار ہے۔ کتاب کے صفحہ ۲۱ پر ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جن الفاظ میں ذکر کیا گیا ہے وہ مناسب نہیں۔ ہمیں اس بات کی توقع ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں یہ الفاظ بدل دیئے جائیں گے۔

---

**مشاہیرِ اسلام** تالیف: ڈاکٹر امیر حسن صدیقی، پروفیسر و صدر شعبۂ اسلامی تاریخ، کراچی یونیورسٹی۔ ترجمہ: جناب امین احمد صاحب۔ شائع کردہ: جمعیت الفلاح کراچی۔ قیمت درج نہیں۔ صفحات ۱۷۳۔

اس کتاب میں تاریخ اسلامی کے نامور استاد نے اُمتِ مسلمہ کی ۱۲ عظیم شخصیتوں کے حالات بڑے سلجھے ہوئے انداز میں قلمبند کیے ہیں۔ حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے علاوہ اس کتاب میں حضرت عمر بن عبدالعزیز، خلیفہ ابوجعفر المنصور، خلیفہ ہارون الرشید، خلیفہ المامون، امیر عبدالرحمٰن الداخل، امیر ہشام اور خلیفہ عبدالرحمٰن الناصر کے حالاتِ زندگی شامل ہیں۔ جناب امین صاحب نے ان مقالات کو انگریزی زبان سے بڑی عمدگی کے ساتھ اردو میں منتقل کیا ہے۔ معیارِ طباعت اچھا ہے۔

---

**النبیؐ الخاتم** تالیف: مولانا سید مناظر احسن گیلانی مرحوم و مغفور۔ شائع کردہ: مکتبہ رشیدیہ، لاہور۔ صفحات ۱۴۴۔ قیمت ساڑھے چار روپے۔

دنیا میں شاید ہی کسی انسان کی زندگی پر اتنا لکھا گیا ہو جتنا کہ حضور سرورِ دو عالم کی حیاتِ طیبہ پر لکھا گیا ہے۔ حضورؐ کی زندگی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جس پر لاتعداد تصنیفات موجود نہ ہوں مگر اس مقدس زندگی میں ایسی کشش ہے کہ ہر نئی تصنیف یا ہر نیا مقالہ ایک نئی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ دوسرے یہ بات بھی عجیب ہے کہ جن مسلمان مصنفین نے مختلف موضوعات پر قلم اٹھایا ہے اُن میں حضورؐ کی سیرتِ پاک کا عنوان سب سے زیادہ روشن اور درخشاں دکھائی دیتا ہے۔

اس کتاب کے مصنف مولانا گیلانی نے سینکڑوں مقالات اور درجنوں کتابیں لکھی ہیں۔ ان میں بعض کتب بڑی جاندار اور معلومات افزا ہیں اور مصنف کے گہرے علم اور دلاویز طرزِ نگارش کی شہادت فراہم کرتی ہیں مگر زیرِ تبصرہ کتاب مختصر ہونے کے باوجود اُن کی ساری تصنیفات پر فوقیت رکھتی ہے اور اس کا اندازِ تحریر سب سے جداگانہ اور الگ ہے۔ مکتبہ رشیدیہ لاہور نے اس قابلِ قدر تصنیف کو بڑے اہتمام سے شائع کیا ہے۔

**THE MYSTRIES OF PURITY** تالیف: امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔ مترجم: بیخ امین فارس۔ شائع کردہ: شیخ محمد اشرف صاحب، کشمیری بازار، لاہور۔ صفحات ۹۶۔ قیمت چھ روپے۔

اسلامی مصنفین میں غالباً امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اہلِ یورپ کی نظر میں سب سے زیادہ قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ ابن سینا، ابن رشد اور ابن خلدون کے ساتھ اُن کی دلچسپی کی وجہ تو یہ ہے کہ اُن کے افکار کے کچھ حصے ایسے ہیں ۔ . . . . . . . . جو ان کی نظر میں یورپ کے نظریات سے کسی حد تک قریب ہیں لیکن امام غزالی کی شہرت کی وجہ کلامی مباحث میں اُن کا بڑا عالمانہ طرزِ استدلال، مادیت پرستی پر ان کی جاندار تنقید اور اصلاحِ نفس کے لیے اُن کی عملی اور موثر تدابیر ہیں۔ پاکستان میں انگریزی کتب کے معروف ناشر نے دنیائے مغرب کو امام غزالیؒ کی تعلیمات سے روشناس کروانے کے لیے امام صاحب کی مشہور تصنیف احیاء علوم الدین کے ترجمے کی اشاعت کا مفید سلسلہ شروع کیا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اس کتاب کی فصل کتاب اسرار الطہارت کا ترجمہ ہے۔ ترجمہ رواں ہے مگر بعض مقامات پر توضیحی حاشیوں کی ضرورت کا احساس ہوتا ہے۔

---

**عرفات** زیرِ ادارت: قاضی عبد القادر، عثمان حیدر، وی۔ پی مصطفےٰ اور محمد صابر۔ شائع کردہ: سیرت کمیٹی، پاکستان نیشنل آئلز لمیٹڈ۔ کانٹراوالا بلڈنگ گارڈن روڈ، کراچی۔

گزشتہ سال نزولِ قرآن کی چودہ سو سالہ برسی پر پاکستان نیشنل آئل لمیٹڈ نے قرآن حکیم پر چند قابل قدر مضامین کا یہ مرقع شائع کیا۔ زیر تبصرہ رسالہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ایک حصہ انگریزی اور دوسرا اردو۔ مضامین نگاروں میں دنیائے اسلام کے نامور علما شامل ہیں۔ مثلاً علامہ اقبال مرحوم۔ مولانا شبیر احمد عثمانی۔ سید قطب شہید، مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی، ڈاکٹر حمید اللہ، علامہ محمد اسد، مولانا ابو الحسن علی ندوی، پروفیسر خورشید احمد اور جناب ماہر القادری۔

طباعت کا معیار بڑا عمدہ ہے۔

---

WHAT IS OUR MESSAGE | تالیف۔ امام حسن البناء شہید۔ شائع کردہ۔ جناب عزیز احمد بالمینی۔ صفحات۔ ۳۹۔

اس کتابچے میں احیائے دین کے لیے مسلمانوں اور عام انسانوں کے لیے ایک روح پرور پیغام ہے۔ اس کے ایک ایک لفظ میں حسن البناء مرحوم کی اسلام سے غیر معمولی محبت اور اس کی تعلیمات پر غیر متزلزل اعتقاد جھلکتا ہے اور آدمی یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ پہاڑی کا وعظ اپنے کانوں سے سن رہا ہے۔ جناب عزیز احمد صاحب نے امام مرحوم کے اس پیغام کو بڑی صحت کے ساتھ انگریزی میں منتقل کیا ہے۔

---

ترجمہ مختصر شعب الایمان | تالیف شیخ امام ابو جعفر عمر قزوینیؒ۔ ناشر: نور محمد کارخانہ تجارت، آرام باغ، کراچی۔

زیر تبصرہ کتابچہ امام بیہقی کی مشہور کتاب شعب الایمان کی تلخیص اور ترجمہ ہے۔ اس میں ایمان کی ۷۷ شاخوں کا تفصیلی بیان درج ہے۔ یہ کتاب دینی نقطہ نظر سے بڑی مفید ہے اور عقیدہ و عمل کی پاکیزگی کے لیے اس سے بہت اچھی رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

---

اسلام، سوشلزم اور اسلامی سوشلزم | تالیف: جناب اسعد گیلانی صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ بتول، اچھرہ، لاہور۔ قیمت ۵۰ پیسے سفید کاغذ۔ ۳۱ پیسے اخباری کاغذ۔ صفحات: ۵۵

اسعد گیلانی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے جہاں ادب و انشاء کی خوبیوں سے بہرہ مند فرمایا وہاں انہیں اس بات

کی بھی قدرت عطا کی ہے کہ وہ ادق موضوعات کو نہایت سادہ انداز میں بیان کر سکتے ہیں ۔ چنانچہ ان کی اس خوبی کے جوہر اس کتاب میں پوری طرح نمایاں دکھائی دیتے ہیں ۔ انھوں نے فنی پیچیدگیوں سے ہٹ کر اسلام، سوشلزم اور اسلامی سوشلزم کی صراحت کی ہے ۔

یہ کتابچہ اس قابل ہے کہ عوام میں اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی جائے ۔

---


# فری میسن تحریک

ایک خطرناک، اسلام دشمن، خفیہ، بین الاقوامی یہودی تنظیم

از

## مصباح الاسلام فاروقی

فری میسن تحریک کی یہودی بنیادوں، یہودی فکر و عقائد اور یہودی نظام کار اور مقاصد کے ناقابلِ تردید شواہد خود ان کی اپنی معتمد ترین کتب کے حوالوں سے پیش کیے گئے ہیں ۔

اس موضوع پر دو سو سے زائد کتب کا حاصلِ مطالعہ

درجنوں خفیہ دستاویزات اور متعدد نایاب کتب کا نچوڑ ۔ دستاویزی ثبوت کے لیے متعدد فوٹوگراف اور فوٹو اسٹیٹ، چارٹ نقشے، خفیہ نشانات اور نقوش کا عکس، عہدیداروں کے بیج ۔ پوشاکیں اور تمغے ان کی خفیہ زبان اور مخصوص لٹریچر کی نوعیت، فری میسن ہالوں کے اندر کا نقشہ اور وہاں کیا کارروائی کی جاتی ہے ۔ اندر کی وہ روداد جو ابتدائی ڈگریوں کے فری میسن بھی نہیں جانتے اور تقریباً تمام پاکستانی مسلمان فری میسن ابتدائی تین ڈگریوں سے ہی تعلق رکھتے ہیں ۔

یہ صرف ایک کتاب نہیں، دستاویز ہے ۔ اردو میں پہلی بار

قبل اشاعت رعایتی قیمت: عام ایڈیشن: سات روپے ۔ خاص ایڈیشن: بارہ روپے ۔ رعایتی قیمت کی وصولی پیشگی ۱۵ اپریل ۶۹ء تک ہے

خط و کتابت و ترسیلِ زر کا پتہ: مصباح الاسلام فاروقی ۱۰۵/C/۶ منصورہ کراچی ۳۸